# سمعی مہارت کی مشقیں

## مشق 19

### متن

منیرہ کے اسکول کی باسکٹ بال ٹیم ایک اہم مقابلہ جیت گئی۔ وہ اور اس کی سب ساتھی کھلاڑی مل کر اس خوشی کا جشن منانا چاہتی ہیں۔ انہوں نے طے کیا کہ وہ سب منیرہ کے گھر جمع ہوں گی۔ انہیں کھانے کی کچھ پسندیدہ چیزیں لینی تھیں اور کچھ اور انتظامات بھی کرنے تھے۔ سب لڑکیوں نے کام آپس میں تقسیم کر لیے۔ ارمین نے بیکری جا کر آرڈر کیا کہ باسکٹ بال کی شکل کا ایک کیک تیار کر دیں۔ عیشال نے سجاوٹ اور کھیل کا سامان خریدا جس میں بلبلے بنانے والی چھوٹی سی بندوق، رنگ برنگے غبارے اور جھنڈیاں شامل تھیں۔ منیرہ نے انعم کے ساتھ مل کر ساری ساتھیوں کے بیٹھنے اور کھیلنے کا انتظام کیا۔ جمعے کے دن ٹیم کی تمام ساتھی منیرہ کے گھر جمع ہوئیں۔ سب سے پہلے انہوں نے مل کر اللہ کا شکر ادا کیا، اور اپنی ٹیم کی اگلی کامیابیوں کے لیے دعا کی۔ پھر سب نے مختلف کھیل کھیلے اور مل کر کیک کاٹا۔ سب خوشی خوشی اپنے گھروں کو لوٹ گئیں۔

### سوالات

#### سنیے اور خالی جگہیں پر کیجیے: (۱۰)

منیرہ کے اسکول کی باسکٹ بال ٹیم ایک _____ مقابلہ جیت گئی۔ وہ اور اس کی سب ساتھی کھلاڑی مل کر اس خوشی کا جشن منانا چاہتی ہیں۔ انہوں نے _____ کیا کہ وہ سب منیرہ کے گھر جمع ہوں گی۔ انہیں کھانے کی کچھ پسندیدہ چیزیں _____ تھیں اور کچھ اور انتظامات بھی کرنے تھے۔ سب لڑکیوں نے کام _____ میں تقسیم کر لیے۔ ارمین نے بیکری جا کر آرڈر کیا کہ باسکٹ بال کی _____ کا ایک کیک تیار کر دیں۔ عیشال نے سجاوٹ اور کھیل کا سامان _____ جس میں بلبلے بنانے والی چھوٹی سی بندوق، رنگ برنگے غبارے اور جھنڈیاں شامل تھیں۔ منیرہ نے انعم کے ساتھ مل کر ساری ساتھیوں کے _____ اور کھیلنے کا انتظام کیا۔ _____ کے دن ٹیم کی تمام ساتھی منیرہ کے گھر جمع ہوئیں۔ سب سے پہلے انہوں نے مل کر اللہ کا شکر ادا کیا، اور اپنی ٹیم کی اگلی کامیابیوں کے لیے _____ کی۔ پھر سب نے مختلف کھیل کھیلے اور مل کر کیک کاٹا۔ سب خوشی خوشی اپنے گھروں کو _____ گئیں۔

#### سنیے اور درست جوابات پر نشان لگائیے۔ (۱۰)

۱۔ وہ اور اس کی سب ساتھی _____ مل کر اس خوشی کا جشن منانا چاہتی ہیں۔

استانیاں     کھلاڑی     پڑوسی

۲۔ انہوں نے طے کیا کہ وہ سب منیرہ کے گھر ـــــــ ہوں گی۔

جمع　　　گلا　　　سماں

۳۔ انہیں کھانے کی کچھ ـــــــ چیزیں لینی تھیں اور کچھ اور انتظامات بھی کرنے تھے۔

ہلکی　　　مہنگی　　　پسندیدہ

۴۔ ـــــــ لڑکیوں نے کام آپس میں تقسیم کر لیے۔

سب　　　جب　　　کب

۵۔ باسکٹ بال کی ـــــــ کا ایک کیک تیار کر دیں۔

نقل　　　عقل　　　شکل

۶۔ عیشال نے سجاوٹ اور کھیل کا ـــــــ خریدا۔

مہمان　　　سامان　　　ڈبہ

۷۔ منیرہ نے انعم کے ساتھ مل کر ساری ساتھیوں کے بیٹھنے اور کھیلنے کا انتظام کیا۔

لیٹنے اور کھانے　　　بیٹھنے اور کھیلنے　　　سننے اور بولنے

۸۔ جمعے کے دن ٹیم کی تمام ساتھی منیرہ کے گھر جمع ـــــــ۔

ہوئیں　　　سوئیں　　　گئیں

۹۔ سب سے پہلے انہوں نے مل کر اللہ کا ـــــــ ادا کیا۔

نام　　　شکر　　　ذکر

۱۰۔ سب خوشی خوشی اپنے گھروں کو لوٹ گئیں۔

بڑوں　　　اسکول　　　گھروں

## سننے کی مشق کے بعد بات چیت

آپ خوشی کیسے مناتے ہیں؟

اگر آپ کے گھر میں کوئی دعوت ہو تو کیا آپ کام میں مدد کرواتے / کرواتی ہیں؟ کیسے؟

****************************************